H208164

# E-STAMP

0159-11050091

PB-LHR-55D921016B420A8C

Non-Judicial

Rs 1,200/-

| | | |
|---|---|---|
| Description | : | CONTRACT - 22A(a)(i) |
| First Party | : | MUHAMMAD AKMAL KHAN WARSI [36302-5507045-5] |
| Second Party | : | MUHAMMAD TARIQ SAEED [35202-6926421-9] |
| Agent | : | MUHAMMAD NADEEM [32102-4369783-1] |
| Stamp Duty Paid by | : | MUHAMMAD AKMAL KHAN WARSI [36302-5507045-5] |
| Issue Date | : | 24-Dec-2020, 04:15:39 PM |
| Paid Through Challan | : | 20201BC4CCEF46E8 |
| Amount in Words | : | One Thousand Two Hundred Rupees Only |

Please Write Below This Line

## ☆عرصہ کرایہ داری پانچ سال☆

بحق: محمد طارق سعید ولد میاں محمد رفیق ساکن مکان نمبر 231-E، گلشن راوی، لاہور۔ NIC No.35202-6926421-9۔

منکہ: محمد اکمل خان وارثی ولد فیض محمد خان وارثی (شناختی کارڈ نمبر 36302-5507045-5) سکنہ علامہ اقبال سٹریٹ، بسم اللہ چوک، بوسن روڈ، مکان نمبر 2، محلہ نیو شالیمار کالونی، ملتان کا ہوں۔ جو کہ من مقر نے ایک عدد دکان بشکل ہال (گیلری) فرسٹ فلور پیمائشی بقدر تعدادی سات صد پچھتر مربع فٹ (775-SFT) تقریبا معہ زینہ سیڑھیاں راہ گزر جانب مغرب فرنٹ سائیڈ مین ہال روڈ پراپرٹی نمبران S-50-R-51+53,S-50-R+53/1/A (اونچائی "196 انچ ہے) واقع مال روڈ لاہور میں از ان مالک (محمد طارق سعید ولد میاں محمد رفیق) سے کرایہ پر حاصل کرلی ہے جس کی درج

محمد اکمل خان وارثی (کرایہ دار)

محمد طارق سعید (مالک)

E-STAMP
CONTINUATION SHEET

ذیل شرائط بصورت نمبر شمار جاری ہیں۔

1- دکان مذکورہ کا معاہدہ 5 سال فکس کے لیے طے ہوا ہے (جس کے دونوں فریقین پابند ہونگے) جس کے تحت من مقر فکس 1 سال کرایہ کی ادائیگی کے لیے ماہانہ کے حساب سے (12) عدد چیکس بتفصیل۔ 154,080۔12۔ عدد چیکس (فی عدد 154,080) نمبران c-67957624 تا 67957611 بینک مہران بینک مالک

2- ایک سال تک کا دکان مذکورہ کا ماہوار کرایہ مبلغ ایک لاکھ چون ہزار اسی روپے (Rs.1,54,080) مقرر ہوا ہے بعد میں سالانہ 5% کے حساب سے کرایہ کی جس کا آغاز مورخہ 01.01.2022 سے ہوگا۔

3- من مقر کرایہ ماہ کی یکم تاریخ تک ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

4- دکان مذکورہ کی سکیورٹی مبلغ پانچ لاکھ روپے -/Rs.5,00,000 طے پائی ہے جو قبضہ حاصل کرتے وقت مالک کو ادا کر دی گئی ہے جو کہ دکان مذکورہ کو خالی کرتے وقت ہر قسم کا حساب بیباق کر کے واپس وصول کرونگا۔

5- یہ یہ دکان میں جو بھی ڈیکوریشن یا آلٹریشن کا کوئی بھی کام کرونگا تو اپنی گرہ سے رقم خرچ کر کے کرونگا اور خالی کرتے وقت مالک سے کسی قسم کا خرچہ کا مطالبہ ہرگز نہیں کرونگا۔

6- دکان مذکورہ میں ایک عدد سیپرٹ بجلی کا میٹر لگا ہوا ہے جس کے کسی قسم کے کوئی بقایا واجبات نہ ہیں لہذا ابل بجلی سیپرٹ میٹر ہر ماہ باقاعدگی سے ادا کرونگا اور ادا شدہ بلوں کی رسیدیں حوالے مالک کرونگا۔

7- دکان مذکورہ کے بل ادا نہ کرنیکی صورت میں اگر متعلقہ محکمہ کنکشن کاٹ دیتا ہے تو من مقر اپنی گرہ سے فوری طور پر کنکشن بحال کروانے کا پابند ہونگا۔

8- دکان مذکورہ میں کوئی شکمی کرایہ دار آباد نہ کرونگا اور نہ ہی اسے سب لیٹ کرونگا اور نہ ہی کسی غیر شخص کو دکان مذکورہ میں کاروبار کرنے کی اجازت ہوگا اور کرایہ کا چیک لیٹ کیش ہونے کی صورت میں مالک کو حق حاصل ہے کہ وہ بلا نوٹس دکان مذکورہ خالی کروالیوے مجھے کوئی اعتراض نہ ہوگا۔

محمد اکمل خان وارثی (کرایہ دار)

محمد طارق سعید (مالک)

E-STAMP
CONTINUATION SHEET

9- دکان مذکورہ میں کسی قسم کی توڑ پھوڑ نہیں کرونگا اور ایسا ہوا تو ہر قسم کے نقصان کا ذمہ دار خود من مقر ہوگا اور اس کے علاوہ کرایہ دار دکان میں جو بھی ڈیکوریشن وغیرہ کرونگا اپنی گرہ سے رقم کرچ کرکے کرونگا اور خالی کرتے وقت مالک سے کسی قسم کے خرچہ کا مطالبہ ہرگز نہیں کرونگا۔

10- دکان مذکورہ کو اگر کرایہ دو ماہ قفل لگا کر چلا جاؤں تو مالک کو حق حاصل ہوگا کہ روبرو گواہان اہل بازار قفل شکنی کرکے دکان مذکورہ کا قبضہ حاصل کرے تو من مقر کو کوئی عذر و اعتراض نہ ہوگا۔ دکان مذکورہ کو احسن طریقے سے استعمال کرونگا۔

11- دکان مذکورہ میں کسی قسم کا کوئی آتش گیر مادہ نہ رکھوں گا یا کوئی دھواں دار یا کوئی سیاسی یا کوئی ناجائز کاروبار نہیں کرونگا۔

12- دکان مذکورہ میں کوئی ایسا کام بھی نہیں کرونگا جو اخلاقی یا شرعی طور پر ممنوع ہو یا جو ہمسایہ گان، اہل بازار یا خود مالک کے لیے شکایت کا باعث بنے۔

13- دکان جس حالت میں لی گئی ہے خالی کرتے وقت من مقر اسی حالت میں واپس کرنے کا پابند ہونگا۔

14- یہ کہ مالک کے خلاف کسی قسم کی قانونی کاروائی نہیں کرونگا۔

15- یہ کہ مالک کے خلاف حکم امتناعی (STAY) وغیرہ حاصل نہ کرونگا۔

16- بجلی کا میٹر منقطع ہونے کی صورت میں من مقر ذمہ دار ہوگا۔

17- یہ کہ کرایہ میں ہر سال بعد 5% اضافہ ہوا کریگا۔

18- اگر مالک سے تعلقات ٹھیک رہے تو 5 سال بعد 5% اضافہ کیساتھ کرایہ داری میں توسیع ہوتی رہے گی کرایہ نامہ ہذا میں کسی بھی شرائط کی خلاف ورزی کرنے پر مالک موصوف کو حق حاصل ہوگا کہ وہ کرایہ دار کو جائے کرایہ داری سے بے دخل کردے تو اس ضمن میں من مقر کرایہ دار کو کوئی عذر و اعتراض نہ ہوگا۔

19- یہ کہ مالک کی اجازت کے بغیر دکان مذکورہ میں کسی قسم کی آلٹریشن نہ کرونگا۔

20- یہ کہ من مقر دکان مذکورہ کو مالک کی اجازت کے بغیر کسی دیگر شخص کو منتقل کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔

21- یہ کہ دکان مذکورہ کو خالی کرتے وقت قبضہ حوالے مالک کرونگا اور کسی قسم کا ناجائز مطالبہ نہ کرونگا۔ لہذا یہ کرایہ داری عرصہ

محمد طارق سعید (مالک)

محمد اکمل خان وارثی (کرایہ دار)

پانچ سال کے لیے تحریر کر دیا ہے۔

22- یہ کہ لاک ڈاؤن کی وجہ سے مارکیٹ بندش میں بھی کرایہ دار مکمل کرایہ ادا کرے گا۔

23- یہ کہ دوکان محمد افضال ولد یت محمد اشرف (35202-5506503-7) اور محمد عدیل قریشی کے توسط سے حاصل کی گئی ہے اور اس کی تصدیق گواہ شدگان میں حاصل کی گئی ہے۔

**گواہان:**

محمد افضال ولدیت محمد اشرف (35202-5506503-7)

دستخط: ____________

محمد عدیل قریشی

دستخط: ____________

محمد طارق سعید (مالک)

محمد اکمل خان وارثی (کرایہ دار)